SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**May 31, 2018**
***For immediate release***

**SECP signs MOU with PCI**

**ایس ای سی پی اور پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے مابین مفاہمتی یاداشت پر دستخط**

اسلام آباد (31 مئی ) سیکورٹی اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے مابین باہمی تعاون کے لئے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کر دئے ہیں۔اس کے مطابق دونوں ادارے چین پاکستان اکنامک کاریڈور (سی پیک)اور بیلٹ اینڈ روڈ کے منصوبے کے مختلف موضوعات پر تحقیق میں تعاون کریں گے۔

مفاہمتی یاداشت کے تحت عوام الناس اور خصوصاًنوجوانوں میں مالیاتی نظم، بچتوں اور سرمایہ کاری کی اہمیت اور کمپنیوں کی رجسٹریشن کے حوالے آگہی پیدا کرنے کے لئے بھی مشترکہ سیمینار اور کانفرنسیں منعقد کی جائیں گی۔

ایس ای سی پی کے کمشنر انویسٹر ایجوکیشن اور بین الاقوامی تعلقات شوذب علی اور پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مصطفی حیدر سید نے ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں ہونے والی تقریب میں مفاہمت کی یاداشت پر دستخط کئے۔
اس موقع پر ایس ای سی پی کے کمشنر شوذب علی نے کمیشن کی جانب سے عوام میں مالیاتی نظم اور سرمایہ کاری سے آگہی پیدا کرنے کے لئے جمع پونجی پروگرام کے تحت کئے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کاروبار کے لئے بہتر ماحول فراہم کرنے اور نئے کاروبار شروع کرنے کے رجحان کو فروغ دینے کے لئے ضروری ہے کہ عوام میں مالیاتی نظم اور آگہی پیدا کی جائے۔انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے ایس ای سی پی اور پاکستان چائنا انسٹی ٹیوٹ کا باہمی تعاون پاکستان کے مالیاتی شعبے اور کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری میں اضافے کے حوالے سے معاون و مددگار ہو گا۔

ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر خالدہ حبیب نے ایس ای سی پی کے انویسٹر ایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کے تحت کئے گئے اقدامات اور سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے شروع کئے گئے اس پروگرام کے مقاصد سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں میں مالیاتی خواندگی پیدا کرنے کے لئے ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں پیشہ ورماہرین معلومات وآگہی فراہم کرتے ہیں۔

اس موقع پر پاکستان چین انسٹی ٹیوٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مصطفی حیدر سید نے کہا کہ وہ سی پیک کے تناظر میں مالیاتی آگہی اور پیدا ہونے والے مواقع سے نوجوان کو آگاہ کریں گے اور انویسٹر ایجوکیشن کے مقاصد کے حصول کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔